# Maulana Azad National Urdu University

**M.A. Persian IV Semester Examination May - 2019**

**Paper : MAPR401DST : Manuscriptology**

**پرچہ: مخطوطہ شناسی**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر 1**

(i) مخطوطہ کو فارسی میں کیا کہتے ہیں؟

(a) سنگ نوشتہ (b) نسخۂ خطی (c) فارسی باستان (d) زبان اوستائی

(ii) کتابت کی اطلاعات جو نسخۂ خطی کے آخر میں لکھا ہوتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) رکابہ (b) عنوان (c) ترقیمہ (d) دست خط

(iii) فارسی کا اولین رسم الخط کون سا تھا؟

(a) خط نسخ (b) خط اوستائی (c) خط پہلوی (d) خط میخی

(iv) طرز پہلوی کہ جس میں سامی الفاظ لکھے اور فارسی میں پڑھے جاتے تھے۔اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) ہزوارش (b) پرتو (c) گشت دبیرہ (d) پاژند

(v) کوروش اعظم کون تھا؟

(a) شاعر (b) بادشاہ (c) خطاط (d) سنگ تراش

(vi) دارالانشاء کے مولف کون ہیں؟

(a) ڈاکٹر اشرف مغل (b) پروفیسر عزیز بانو (c) زیب حیدر (d) پروفیسر وارث کرمانی

(vii) کتاب کی تاریخ کے مصنف کون ہیں؟

(a) شافع قدوائی (b) شایان قدوائی (c) ڈاکٹر زیب حیدر (d) میر علی تبریزی

(viii) قدیم مصر میں کاغذ بنانے کے لئے کس پودے کا استعمال کیا جاتا تھا؟

(a) تاڑ (b) بانس (c) تڈاپتر (d) پپائرس

P.T.O

(ix) قرآن کریم کی کتابت کس خط میں کی جاتی ہے؟

(a) خط طغرا (b) خط بہار (c) خط نستعلیق (d) خط نسخ

(x) مولانا آزاد لائبریری کہاں واقع ہے؟

(a) حیدرآباد (b) علیگڑھ (c) رام پور (d) لکھنو

## حصہ دوم

(2) مخطوطہ سے کیا مراد ہے؟ اسکی اہمیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

(3) مصری تہذیب میں کاغذ کی ایجاد کی نوعیت اور اسکے فروغ کے بارے میں اپنی اطلاعات قلم بند کیجیے۔

(4) مخطوطہ کی کیفیت کا اندراج کیسے کیا جاتا ہے؟ مثال کے ذریعہ بیان کیجیے۔

(5) ماحول کی حرارت اور رطوبت مخطوطات پر کس طرح مضر اثرات ڈالتے ہیں؟ ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

(6) فارسی میں آرائشی خطوط کون کون سے ہیں؟ کسی دو کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

(7) خط نسخ کی خصوصیت بیان کرتے ہوئے اس پر ایک مختصر نوٹ تحریر فرمایے۔

(8) مخطوطے کے تحفظ Fumigation کے عمل کی نوعیت اور افادیت کے بارے میں اپنی اطلاعات تحریر کریں۔

(9) قدیم تمدن میں Papyrus پودے سے کس طرح کاغذ بناتے تھے؟

## حصہ سوم

(10) مصر، ایران اور ہندستان کے قدیم تمدنوں میں لوازم تحریر کی ایجاد، ابتداء اور ارتقاء سے متعلق تفصیلی مضمون لکھیے۔

(11) فارسی رسم الخط کی ابتداء اور ارتقاء سے متعلق سیر حاصل بحث کیجئے۔ اور خط نسخ اور نستعلیق کی نمایاں خصوصیات کا تفصیلی اظہار کیجیے۔

(12) وضاحتی فہرست تیار کرنے میں کن امور کو ملحوظ رکھنا چاہئے؟ مثالوں کے ذریعہ واضح کیجیے۔

(13) مخطوطہ شناسی ہماری تہذیبی اور ادبی میراث تحفظ کے لئے بہت اہم علم ہے۔ سیر حاصل بحث کیجیے۔

(14) مندرجہ ذیل دو عنوانات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(a) خط کوفی (b) ترقیمہ (c) رکابہ (d) عنوان

☆☆☆